


**● اللہ رب العالمین ۔ خدا یا گوڈ (God)** مصنف: رشید اللہ یعقوب

ضخامت: ۱۹۸ صفحات　جو صاحب اس کتاب کو منگوانا چاہتے ہیں، وہ اس کتاب کا صرف ڈاک خرچ ۲۳ روپے ارسال کریں۔

پتا: رحمت اللعلمین ریسرچ سنٹر، مکان نمبر ۸، زمزمہ سٹریٹ نمبر ۳، زمزمہ کلفٹن کراچی ۷۵۶۰۰

رشید اللہ یعقوب نے اپنا قلم عبادت کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ اس سے پہلے ان کی تین کتابیں شائع ہو چکی ہیں:

(۱) الصلوٰہ والسلام علی رحمتہ اللعالمین (۲) اسماء اللہ عز و جل قرآن و حدیث کے مطابق (۳) کتاب الدعاء والاستغفار۔ یہ کتابیں ہزاروں کی تعداد میں چھپ کر تقسیم ہو چکی ہیں اور اس کے ساتھ ہی یہ اطلاع بھی ہے کہ زیرِ نظر کتاب کے جملہ حقوق محفوظ نہیں ہیں جو صاحب یا ادارہ اس کو شائع کرے وہ اس کی پانچ کاپیاں مصنف کو بھیج دے۔ یہ نیکی کا ایک سلسلہ ہے اور مصنف کی خواہش ہے کہ یہ سلسلہ دور تک جائے۔

مصنف نے اپنا پیغام انتساب کی عبارت میں دیا ہے:

> ''ان اہل سنت کے نام جو قرآنی احکامات، سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین اور اکابر کے عمل کی تقلید کرتے ہوئے اس کائنات کے وحدہ لاشریک خالق و مالک کو اللہ ہی کہہ کر پکارتے ہیں اور اس کا کوئی دوسرا مثل نہیں ڈھونڈتے۔ اس لیے کہ ان کا ایمان ہے ''لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَا لسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔ کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں اور وہ سب کچھ سننے اور دیکھنے والا ہے۔''

یہ انتساب دراصل اس کتاب کا خلاصہ ہے جس کو پڑھ کر ہم اندازہ کر لیتے ہیں کہ کتاب میں کیا دعوت دی گئی ہے۔ یہ کتاب ۱۷ ابواب پر مشتمل ہے۔ اس کے قابل توجہ موضوعات یہ ہیں: ابتدائے مذہب وتصور معبود/ اسلامی نظریہ، یہودی وعیسائی نظریہ، زرتشتی/ مجوسی مذہب کا نظریہ، اللہ تعالیٰ، گوڈ اور خدا، اللہ تعالیٰ کے ذاتی نام، چند حقائق، خدا، پہلوی سے فارسی اور پھر اردو میں کس طرح آیا۔ محدثین اور خدا، خدا۔ اردو میں قرآنی تراجم اور دینی کتب، انگریزی میں اللہ تعالیٰ کے لیے لفظ God کا استعمال کب اور کس نے سب سے پہلے کیا؟ الیگزینڈر روس کا سورۃ اخلاص کا ترجمہ اور اس کا عکس۔ گوشوارہ اسم اللہ عز و جل والرب جل جلالہٗ در قرآن۔

مصنف نے وضاحت کے ساتھ اس کتاب میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو خدا نہ کہا جائے۔ کیوں کہ یہ نام پہلوی زبان کا ہے جو بعد از اں فارسی سے ہوتا ہوا اردو میں آ گیا اور گوڈ بھی نہ کہا جائے۔ کیوں کہ اس نام سے انگریزوں نے پکارا جس کے بعد برطانیہ کی تمام نو آبادیوں میں اٹھارہویں صدی میں عام ہو گیا۔

© rasailojaraid.com



مصنف اس کتاب کے آخر میں دعا کرتے ہیں:

”اے قادرِ مطلق! یا مصرف القلوب! میری اس کتاب کو قبول فرمالیجیے۔ جو دانستہ اور نادانستہ کوتاہی اور لغزش سرزد ہوئی، اس کو اپنی غفاری، رحیمی اور کریمی سے معاف فرمادیجیے۔ اور اس کے مندرجات کو میرے لیے اور امت کے لیے نافع بنادیجیے اور لوگوں کے دلوں کو پھیر دیجیے کہ وہ آپ خدا، خداوند، گوڈ کہنے کی بجائے اللہ عزوجل کے نام سے پکاریں۔“

جو کام نیک نیت سے کیا جاتا ہے، اسے اللہ تعالیٰ شرفِ قبولیت عطا کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ مصنف کو بھی اس نیکی کا اجر ضرور ملے گا اور ان کی نیکیوں میں اضافہ ہوگا۔

لیکن اس کے ساتھ ہی مصنف کی خدمت میں ایک گزارش ہے کہ انھوں نے اردو کی اس کتاب میں کثرت کے ساتھ انگریزی کے الفاظ استعمال کیے ہیں۔ اس طرح یہ کتاب ان لوگوں کے لیے جن کی انگریزی تک رسائی نہیں ہے۔ انھیں مطالعہ کرتے وقت مشکل پیش آتی ہے۔ اگر مصنف اس کے آئندہ ایڈیشن پر نظرثانی کرلیں تو پھر یہ کتاب زیادہ مفید ثابت ہوگی۔ (تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● **حجاب، قرآن وحدیث کی روشنی میں**　　مصنف: مولانا پروفیسر کریم بخش

قیمت: ۸۰ روپے　　ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

حضرت مولانا کریم بخش رحمہ اللہ ماضی قریب کی معروف علمی شخصیت ہیں۔ اصل نام عبدالکریم ملتانی ہے۔ کریم بخش کے نام سے معروف ہوئے۔ ملتان سے اٹھے تو لاہور جا بیٹھے۔ اورنٹیل کالج پنجاب یونیورسٹی میں پروفیسر رہے۔ متعدد کتابیں تصنیف کیں۔

زیر تبصرہ کتاب کا اصل نام ”کشف النقاب عن مسئلۃ الحجاب“ ہے۔ چونکہ ہمارے قارئین کی اکثریت عربی زبان سے زیادہ واقف نہیں۔ اس لیے اُن کی سہولت کے لیے اردو عنوان ”حجاب، قرآن وحدیث کی روشنی میں“ کو اختیار کیا گیا۔

حجاب (پردہ) دینِ اسلام کا اہم ترین مسئلہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں مستقل حکم کی صورت میں مسلمان عورتوں کو حجاب کا پابند فرمایا۔ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اس حکم کی تشریح اور وضاحت وارد ہے جب کہ سیرتِ طیبہ میں پردہ کے حکم پر عملدرآمد کی محکم مثال موجود ہے۔ ہر دور میں کفار کی تہذیب سے مرعوب مسلمان پردہ کی ضرورت واہمیت سے انکار کرتے رہے ہیں اور بے پردگی کے ہولناک نقصانات ونتائج کا سامنا بھی کرتے آرہے ہیں۔ اتنا نہیں سوچتے کہ جب امہات المومنین جیسی پاک اور عظیم ہستیوں کو پردہ میں رہنے کا حکم دیا گیا ہے تو عام مسلمان خواتین کے لیے پردہ کا اہتمام اور بھی زیادہ ضروری ہے۔ مولانا پروفیسر کریم بخش رحمہ اللہ نے حجاب کے قرآنی حکم کو بڑی تفصیل کے ساتھ اس کتاب میں بیان کیا ہے۔

ناشر کتاب کی خدمت میں درخواست ہے کہ مولانا پروفیسر کریم بخش رحمہ اللہ کا تفصیلی تعارف بھی کتاب کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آئندہ ایڈیشن میں شامل کریں کہ عام قاری ان سے بالکل نا آشنا ہے۔(تبصرہ: کفیل بخاری)

● **ماہنامہ ''مسیحائی'' کراچی۔ قرآن نمبر** مدیرِاعلیٰ: احمد خیرالدین انصاری

ضخامت: ۶۴۸ صفحات　　ہدیہ: ۴۰۰ روپے　　ملنے کا پتا: ۱۹۷۔ بی' بلاک اے شمالی ناظم آباد' کراچی

جناب احمد خیرالدین انصاری علمی ذوق سے سرشار ہیں اور گزشتہ کئی برس سے دینی صحافت میں بے لوث خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ماہنامہ ''مسیحائی'' ان کی ادارت میں باقاعدگی سے شائع ہو کر طالبانِ علمِ دین کے ذوق کی تسکین کر رہا ہے۔ ماہنامہ ''مسیحائی'' کی خصوصی اشاعت ''قرآن نمبر'' اُن کے خلوص وللّٰہت کا مرقع ہے۔

قرآنِ کریم' کائنات کے علوم ومعارف کا سمندر ہے۔ ہر دور میں علماء ومفسرین نے اپنی اپنی استعداد کے مطابق کتاب مبین سے علم ومعرفت کے موتی چُنے اور بھٹکے ہوئے انسانوں کو پیش کر کے انھیں راہِ ہدایت پر لانے کی سعی کی۔ یہ سلسلہ صبح قیامت تک جاری رہے گا۔(ان شاءاللہ)

زیرِ تبصرہ ''قرآن نمبر'' میں تقریباً پچاس شخصیتوں کی نگارشات شامل ہیں۔ علمِ تفسیر وترجمہ، تراجم وتفاسیر کا تعارف، سائنسی موضوعات اور قرآن، معاشیات، سیاسیات، ادب، جمع وتدوینِ قرآن، مختلف زبانوں براہوی سندھی، اردو اور گجراتی میں تراجم وتفاسیر، قصص قرآن، تہذیب وتمدن، صحابۂ کرام کے تذکرے اور ایسے بہت ہی اہم عنوانات پر انتہائی قیمتی تحریریں قرآن نمبر کی زینت ہیں۔ الاستاذ محمد علی صابونی، حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحبؒ، پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خانؒ، شاہ مصباح الدین شکیل، ڈاکٹر اسرار احمد، سید منور حسن، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، پروفیسر اقبال جاوید، مولانا عبدالقیوم حقانی، حکیم محمد سعید شہید، جمیل نقوی اور مخدوم زادہ احمد خیرالدین انصاری کی نگارشات بہت ہی اہم ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف قدیم قلمی نسخوں کے رنگین ومزین عکس جو مختلف خطوں نستعلیق، ثلث، رقعہ، کوفی، دیوانی، نسخ اور علاقائی اندازِ کتابت کشمیری، خط بہار وغیرہ کے اعلیٰ ترین نمونے ہیں۔ اس خصوصی اشاعت کی شان اور جان ہیں۔ کاغذ، طباعت، جلد مناسب ہے۔(تبصرہ: محمد الیاس)

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501



© rasailojaraid.com